RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ر ذی الحجہ سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۱ر دسمبر سنہ ۱۹۱۱ع	جلد ۲۳

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۸ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر چوبے رگھناتھ پرشاد پیشکار کو رخصت بیس دن کی منظور فرمائی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۹ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست منشی واحد علی اہلمد بندوبست کی رخصت مزید پندرہ یوم بوجہ علالت بعوض ہدایت علیخان امیدوار عوضخدمت سابقہ منظور کیگئی۔

۳۰ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب استدعا نائب تحصیلدار سوار دو ہفتہ کی مزید رخصت بضرورت کارنجی منظور کیگئی۔

ملخص حکم صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۳۰ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب جج بہادر رخصت دس یوم منصرم نقول بکارکردگی منصرم جی ۱۳ر دسمبر سنہ حال سے منظور کیگئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

۲۹ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم وحسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص رخصت یکماہ دستگیرخان منصرم مہمان خانہ بوجہ علالت منظور کیگئی۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا